Maulana Azad National Urdu University
B.A VI Semester Examination - May - 2019
مجتبیٰ حسین
BAUR602DST: Mujtaba Hussain

Time : 3 hrs **Marks : 70**

ہدایات:

یہ پرچہ سوالات تین حصوں پر مشتمل ہے: حصہ اول، حصہ دوم، حصہ سوم۔ ہر جواب کے لئے لفظوں کی تعداد اشارۃً ہے۔ تمام حصوں سے سوالوں کا جواب دینا لازمی ہے۔

1. **حصہ اول میں 10** لازمی سوالات ہیں جو کہ معروضی سوالات/ خالی جگہ پُر کرنا/مختصر جواب والے سوالات ہیں۔ ہر سوال کا جواب لازمی ہے۔ ہر سوال کے لیے 1 نمبر مختص ہے۔ **(10 x 1 = 10 Marks)**
2. **حصہ دوم** میں آٹھ سوالات ہیں۔اس میں سے طالب علم کو کوئی پانچ سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً دوسو **(200)** لفظوں پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے لیے **6** نمبرات مختص ہیں۔ **(5 x 6 = 30 Marks)**
3. **حصہ سوم** میں پانچ سوالات ہیں۔اس میں سے طالب علم کو کوئی تین سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً پانچ سو **(500)** لفظوں پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے لیے **10** نمبرات مختص ہیں۔ **(3 x 10 = 30 Marks)**

حصہ اول

سوال نمبر : 1

(i) روزنامہ.................سے مجتبیٰ حسین کی مزاحیہ کالم نگاری کی ابتدا ہوئی۔

(a) منصف (b) اعتماد (c) سیاست (d) انقلاب دکن

(ii) جاپان میں پھولوں کی سجاوٹ کو کیا کہتے ہیں۔

(a) اکیبانہ (b) سایونارا (c) سوزوکی (d) ساموراۓ

(iii) ذیل میں کونسی کتاب مجتبیٰ حسین کے خاکوں کا مجموعہ نہیں ہے

(a) آدمی نامہ (b) بنجارہ نامہ (c) چہرہ در چہرہ (d) ہوئے ہم دوست جس کے

(iv) مس آسانو کے مطابق اردو کے کونسے مزاح نگار مجتبیٰ حسین سے پہلے جاپان گئے تھے

(a) رشید احمد صدیقی (b) کنہیا لال کپور (c) ابن انشا (d) مشتاق احمد یوسفی

(v) ذیل میں کونسا سفرنامہ مجتبیٰ حسین کا ہے۔

(a) ابن بطوطہ کے تعاقب میں (b) بسلامت روی

(c) سفر لخت لخت (d) مسافران لندن

(vi) مجتبیٰ حسین کا پہلا مزاحیہ مضمون ''غالب کے طرف دار'' سب سے پہلے کس رسالے میں شائع ہوا تھا۔

(a) سب رس (b) صبا (c) شعروحکمت (d) سوغات

(vii) 'غزل سپلائنگ اینڈ مینوفیکچرنگ کمپنی' کے پروپرائٹر کا نام کیا ہے۔

(a) عبدالکریم جفاؔ b) عبدالغنی ندا (c) عبدالرحمٰن فداؔ (d) عبدالرحمٰن وفاؔ

P.T.O

(viii) مجتبیٰ حسین کو پدم شری کا ایوارڈ کس سن میں ملا۔

(a) ۲۰۰۷ء (b) ۲۰۰۸ء (c) ۲۰۰۹ء (d) ۲۰۱۰ء

(ix) 'مسکراہٹوں کا آدمی' کس کا خاکہ ہے۔

(a) راجندر سنگھ بیدی (b) کنہیا لال کپور (c) مخدوم محی الدین (d) سجاد ظہیر

(x) مجتبیٰ حسین کے مزاحیہ مضامین کا پہلا مجموعہ کونسا ہے۔

(a) تکلف برطرف (b) قطع کلام (c) قصہ مختصر (d) بالآخر

حصہ دوم

(2) 'غزل سپلائنگ اینڈ مینوفیکچرنگ کمپنی' میں مجتبیٰ حسین نے شاعروں کی کتنی اور کون کون سی قسمیں بتائی ہیں۔

(3) مجتبیٰ حسین کی طالب علمی کے زمانے کی ادبی وتہذیبی سرگرمیوں کو بیان کیجئے۔

(4) ''غالب کے طرفدار'' میں مزاحیہ عناصر کی نشاندہی کیجیے۔

(5) خاکہ 'لمبا آدمی' میں مجتبیٰ حسین نے کنہیالال کپور کی شخصیت کے کن پہلوؤں کو اجاگر کیا ہے۔

(6) سفرنامہ جاپان چلو جاپان چلو میں کون کون سے مما لک سے متعلق مندوبین کا تذکرہ کیا گیا ہے۔

(7) مخدوم کے خاکے میں مجتبیٰ حسین نے ان کی روپوشی کے زمانے کے واقعات کو کس طرح پیش کیا ہے۔

(8) مجتبیٰ حسین مزاح کی تخلیق کے لیے ادبی حوالوں کو کس طرح استعمال کرتے ہیں۔

(9) ذیل میں سے کسی ایک خاکہ کا تنقیدی تجزیہ کیجیے۔

(الف) مسکراہٹوں کا آدمی (ب) لمبا آدمی (ج) آدمی ہی آدمی (د) اپنا آدمی۔

حصہ سوم

(10) مجتبیٰ حسین کی ادبی خدمات کا جائزہ لیجیے۔

(11) مجتبیٰ حسین کی مزاح نگاری کی امتیازی خصوصیات بیان کیجیے۔

(12) سفرنامہ جاپان چلو جاپان چلو میں مجتبیٰ حسین نے جاپانی قوم کی کن کن خوبیوں اور خامیوں کو بیان کیا ہے؟

(13) مجتبیٰ حسین کی خاکہ نگاری پر روشنی ڈالیے۔

(14) مجتبیٰ حسین کے حالاتِ زندگی پر ایک تفصیلی نوٹ لکھیے۔

☆☆☆